فوری ریلیز کے لیے: 29/11/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے تین انقلابی علاقائی پروجیکٹس کو معاونت دینے کی خاطر لانگ آئیلینڈ سرمایہ کاری فنڈ سے 46.5$ ملین دینے کا اعلان کیا ہے

لانگ آئیلینڈ سرمایہ کاری فنڈ سے آج تک مختص کردہ 56.5$ ملین

افرادی قوت کی تربیت اور ٹیکنالوجی کی پیشرفتوں کو سہولت پذیر بنانے کی مد میں 122$ ملین کی ریاستی سرمایہ کاری

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ 350$ ملین لانگ آئیلینڈ سرمایہ کاری فنڈ (Long Island Investment Fund) کی 46.5$ ملین کی اگلی تین کُل گرانٹس: فرمنگ ڈیل سٹیٹ کالج کو سینٹر برائے کمپیوٹر سائنس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی تخلیق کرنے کے لیے 30$ ملین، لانگ آئیلینڈ یونیورسٹی کو کالج برائے سائنس اپلائیڈ ریسرچ اور انوویشن کے سہولتی مرکز کی تعمیر کے لیے 10$ ملین، اور اسٹونی بروک یونیورسٹی کو ایک نیا کوانٹم انٹرنیٹ ٹیسٹ بیڈ تعمیر کرنے کے لیے 6.5$ ملین عطا کیے گئے ہیں۔ گورنر نے یہ بھی اعلان کیا کہ فرمنگ ڈیل سٹیٹ کالج کے نئے سینٹر برائے کمپیوٹر سائنس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کو ریاست کی طرف سے مکمل طور پر فنڈ فراہم کیا جائے گا اور وہ LIIF سے 30$ ملین کے علاوہ پروجیکٹس کے لیے سٹیٹ یونیورسٹی برائے نیویارک کنسٹرکشن فنڈ سے 45$ ملین استعمال کرے گا۔ ان پروجیکٹس کے ساتھ، مزید 122$ ملین سرکاری اور نجی ڈالرز کے منافع کے ساتھ، لانگ آئیلینڈ سرمایہ کاری فنڈ نے 56.5$ ملین کی سرمایہ کاری کی ہے، تاکہ لانگ آئیلینڈ میں معاشی ترقی کو آگے بڑھانے میں مدد ملے، اور لانگ آئیلینڈ میں کئی سو نئی ملازمتوں کے مواقع پیدا ہوں گے اور ہزاروں افراد کی تعلیم و تربیت میں معاونت دی جائے گی۔ آج کا اعلان لانگ آئیلینڈ کی باصلاحیت افرادی قوت کو معاونت دینے اور ٹیکنالوجی اور اختراع کے ہب کے طور پر اپنی حیثیت کو جاری رکھنے کے لیے درکار اساسی و بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کے ذریعے خطے کے مستقبل کے لیے گورنر Hochul کے عزم کو مزید ظاہر کرتا ہے۔

"لانگ آئیلینڈ سرمایہ کاری فنڈ کے ذریعے، میری انتظامیہ لانگ آئیلینڈ کو لائف سائنسز اور تحقیقی اختراعات کے لیے ہمارے ملک کی سب سے اہم راہداری بنانے کے لیے پُرعزم ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "آج کے دن اعلان کردہ ایوارڈز نیویارک میں جدید ترین شعبوں میں ملازمتیں پیدا کرنے، افرادی قوت کی تربیت کو فروغ دینے اور ملکی معروف اختراعات کو معاونت دینے میں مدد فراہم کریں گے۔ جیسا کہ ہم جدید ترین تحقیقی سہولیات اور بنیادی ڈھانچوں میں اپنی سرمایہ کاری کے ذریعے اعلیٰ صلاحیتوں کو راغب اور برقرار رکھتے ہیں، لانگ آئیلینڈ وہ جگہ ہے جہاں مستقبل کا خواب تعبیر ہوتا ہے۔"

گورنر Hochul کے مالی سال (FY) 2023 کے نافذ کردہ تاریخی بجٹ کے ایک حصے کے طور پر شامل، لانگ آئی لینڈ سرمایہ کاری فنڈ سے ان پروجیکٹس پر توجہ مرکوز کی جائے گی جو علاقائی معیشت کو سہارا دیں گے اور اس میں اضافہ کریں گے، کمیونٹیز کو بہتر بنائیں گے اور سارے لانگ آئی لینڈ پر دیرپا معاشی اثرات مرتب کریں گے۔ لانگ آئیلینڈ سرمایہ کاری فنڈ نے طبی اور متعدی امراض کی تحقیق میں معاونت دینے کے لیے نئی جدید ترین لیبز کی تعمیر کے لیے فینسٹائن انسٹیٹیوٹس برائے میڈیکل ریسرچ کے لیے اپنی 10$ ملین کی پہلی گرانٹ عطا کی۔

آج تک، فنڈ نے ان پروجیکٹس کے لیے 56.5$ ملین مختص کیے ہیں جو لانگ آئیلینڈ کی معیشت کو مضبوط بنانے کے لیے انقلابی پروجیکٹس میں معاونت دیں گے۔

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "لانگ آئیلینڈ کے سرمایہ کاری فنڈ کے جدید پروجیکٹس پورے خطے میں جدید ملازمت، اعلیٰ تعلیم اور صنعت کی ترقی کے امکانات کو ظاہر کرتے ہیں۔ افرادی قوت کی ترقی میں سرمایہ کاری اور لانگ آئیلینڈ کے اعلیٰ درجے کے تعلیمی اداروں کے ساتھ شراکت داری تکنیکی قابلیت کا ایک ایسا سلسلہ تیار کرنے میں مدد دے گی جو ریاست نیویارک کے ایک اہم لائف سائنس ہبز میں سے ایک انڈسٹریز کو فائدہ پہنچائیں گی۔"

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ بورڈ کے چیئرمین Kevin Law نے کہا، "لانگ آئیلینڈ ایسے پیش قدم اداروں کا مسکن ہے جو جدید ٹیکنالوجی کو متحرک کرتے ہیں اور علاقے کی افرادی قوت کو مستحکم بناتے ہیں۔ آج کا اعلان مواصلاتی ٹیکنالوجی کو بہتر بنانے کے اقدامات کی حمایت کرے گا اور خطے کے اعلیٰ اسکولوں کو بڑھتی ہوئی تکنیکی صنعتوں میں کیریئر کے لیے ہنر و قابلیت کی تربیت دینے میں مدد دے گا، بالآخر کاروباری طلب کو پورا کرتے ہوئے اچھی تنخواہ والی ملازمتیں تخلیق کرے گا۔"

لانگ آئیلینڈ علاقائی معاشی ترقیاتی کونسل کی شریک صدر Linda Armyn، بیتھ پیج فیڈرل کریڈٹ یونین کی چیف اسٹریٹیجی اور مارکیٹنگ افسر نے کہا، "ان تازہ ترین ایوارڈز کے ساتھ، لانگ آئیلینڈ سرمایہ کاری فنڈ ہمارے پہلے ہی سے غیر معمولی تعلیمی اور ٹیکنالوجی کے وسائل پر استوار ہو کر اور اسے مضبوط بنا کر خطے کی اختراعی معیشت کو فروغ دے رہا ہے۔ یہ اسٹریٹیجک LIIF فیول شدہ شراکت داریاں لانگ آئیلینڈ کے حال اور مستقبل دونوں کے لیے روزگار اور مواقع تخلیق کرنے کا کام کر رہے ہیں۔"

لانگ آئیلینڈ ایسوسی ایشن کے صدر اور CEO Matt Cohen نے کہا، "اختراع ہماری معیشت کو آگے بڑھائے گی اور اعلیٰ تکنیکی سہولیات میں یہ سرمایہ کاریاں لانگ آئیلینڈ کے علاقے کو سائنسی دریافت اور ملازمت کی تخلیق کے ہب کے طور پر مزید استحکام عطا کریں گی۔ میں اپنے علاقے کے تحقیقی وسائل پر گورنر کے توجہ مرکوز کرنے کے عمل کو سراہتا ہوں۔"

فرمنگ ڈیل سٹیٹ کالج - سینٹر برائے کمپیوٹر سائنس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی
جسے LIIF کی جانب سے 30$ ملین عطا کیے گئے، فرمنگ ڈیل سٹیٹ کالج اپنے کیمپس میں 75$ ملین کا، 40,000 مربع فٹ سینٹر برائے کمپیوٹر سائنس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی تعمیر کرے گا، نیز SUNY کنسٹرکشن فنڈ سے 45$ ملین کا فائدہ بھی اٹھائے گا۔ نئی عمارت میں سات پروگرامز کے لیے جگہ ہو گی جو کمپیوٹنگ کے اکیڈمک ڈویژن کے ساتھ جدید کلاس رومز، طالب علم کی مصروفیت کی جگہ، اور جدت طرازی کی لیبز تشکیل دیں گے۔ اس میں لانگ آئیلینڈ کے غیر منافع بخش اداروں کے لیے افرادی قوت کی IT تربیت دینے کی خاطر علاقائی کاروباری مشغولیت کے لیے جگہ بھی شامل ہو گی، تاکہ بے روزگار اور جز وقتی روزگار کے حامل افراد کو تربیت دی جائے۔ ہر مقام، تخلیقی صلاحیتوں کی حوصلہ افزائی کرنے اور طلباء اور مقامی کاروباری مالکان کو اختراع کرنے اور خیالات کا اشتراک کرنے کے لیے اکٹھے ہونے کا موقع فراہم کرنے کے لیے تیار کی گئی جدید ترین ڈیجیٹل معاون ٹیکنالوجی سے لیس ہو گا۔

یہ تعلیمی اور تربیتی سرگرمیاں ملازمین کی ایک ایسی نئی نسل تیار کریں گی جو پائیدار، اچھی تنخواہ والی ملازمتوں کے لیے تیار ہوں گے، جو خطے اور ریاست کے مستقبل کی افرادی قوت کی ترقی میں معاون ثابت ہو گی۔

لانگ آئیلینڈ یونیورسٹی - کالج برائے سائنس اپلائیڈ ریسرچ اور انوویشن
LIIF کی جانب سے عطا کردہ 10$ ملین سے، لانگ آئیلینڈ یونیورسٹی بروک ویل میں LIU کے پوسٹ کیمپس میں 40$ ملین کا کالج برائے سائنس اپلائیڈ ریسرچ اور انوویشن کا نیا سہولتی مرکز قائم کرے گا۔ 40,000 مربع فٹ کالج برائے سائنس میں نئے بڑے جدید ترین شعبے ہوں گے، جن میں مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل انجینئرنگ، اور ڈرگ کی دریافت اور پیداوار جیسے ادارے شامل ہیں۔ نئی عمارت زندگی کی انقلابی سائنسی تحقیق کو بھی معاونت دے گی اور

اس میں انکیوبیٹر اور ایکسلریٹر کی جگہ شامل ہو گی تاکہ ٹیکنالوجی کے کاروباروں کو شروع کیا جا سکے جو عمارت میں تخلیق ہونے والی جدت اور دریافت کو کمرشل بنائیں گے، نیز LIU کے سکول برائے فارمیسی اور ویٹرنری ادویہ کی تحقیق سے فائدہ اٹھائیں گے۔

لائف سائنسز کی انڈسٹری ریاست نیویارک کے لیے ایک طاقتور ترقی کا انجن بن گئی ہے، جس نے ریاست کے اہم علاقوں کو لائف سائنس کے متحرک ہبز میں تبدیل کر دیا ہے جس میں تحقیق، ترقی، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور کمرشلائزیشن کے مختلف مراحل کے لیے وقف تنظیمیں اور ادارے شامل ہیں۔ LIU کا نیا سہولتی مرکز خطے کی معاشی ترقی میں، ملازمتوں کی تخلیق، نئے سائنسی اور طبی علاج معالجات کی تحقیق اور ترقی میں معاونت دے گا، اور لانگ آئیلینڈ کی بڑھتی ہوئی لائف سائنسز کی معیشت میں مزید پیش رفت لائے گا اور بائیوٹیک انڈسٹری کے جدید شعبوں میں نجی شعبوں کی سرمایہ کاری کو راغب کرے گا۔

اسٹونی بروک یونیورسٹی - لانگ آئیلینڈ کوانٹم انٹرنیٹ ٹیسٹ بیڈ
LIIF کی جانب سے عطا کردہ 6.5$ ملین سے، Stony بروک یونیورسٹی، بروک ہیون نیشنل لیبز کے تعاون سے، 13$ ملین کا نیا کوانٹم انٹرنیٹ ٹیسٹ بیڈ تعمیر کرے گی۔ لانگ آئیلینڈ کوانٹم انٹرنیٹ ٹیسٹ بیڈ پانچ گرہوں کا ایک نیٹ ورک ہو گا جو تجارتی طور پر دستیاب آپٹیکل فائبر کا استعمال کرتے ہوئے طبعی طور پر مربوط ہوتی ہیں۔ لانگ آئیلینڈ کوانٹم انٹرنیٹ ٹیسٹ بیڈ کی نگرانی لانگ آئیلینڈ کوانٹم انٹرنیٹ سینٹر کرے گا، جو اسٹونی بروک یونیورسٹی میں واقع ہے اور بروک ہیون نیشنل لیبارٹری کے ساتھ شراکت داری کا حامل ہے۔ سینٹر حالیہ انٹرنیٹ کی فعالیت کو تیز کرنے، ہماری مواصلات کی حفاظت کو بہتر بنانے، اور کمپیوٹنگ میں فوری ترقی کو فعال کرنے کے لیے نئی ٹیکنالوجیز کو متحرک کرے گا۔

سینٹر ریاست نیویارک کی دیگر یونیورسٹیز، لیبارٹریز اور انڈسٹری شراکت داروں کو اُن تحقیقی ٹیموں کے ساتھ شامل کرنے کے لیے توسیع کرے گا جو ٹیلی کمیونیکیشنز اور انٹرنیٹ کے تناظر میں کوانٹم ٹیکنالوجی کی نئی ایپلی کیشنز کی تحقیق و تفتیش اور ان پر عمل درآمد کے لیے وقف ہیں۔ یہ پروجیکٹ لانگ آئیلینڈ کو کوانٹم انٹرنیٹ ٹیکنالوجی کی ترقی کے ایک عالمی ہب کے طور پر قائم کرے گا اور کوانٹم انٹرنیٹ ٹیکنالوجیز کی کمرشلائزیشن کو فروغ دینے کی خاطر مشترکہ کوشش میں محققین، ماہرین تعلیم، سرمایہ کاروں کو اکٹھا کرے گا۔

ریاستی سینیٹر Anna M. Kaplan نے کہا، "ریاست نیویارک کی جانب سے نجی شعبے کے ساتھ شراکت میں جدید سرمایہ کاری کی بدولت، لانگ آئیلینڈ کی سائنسی تحقیقی انڈسٹری بڑھ رہی ہے اور ترقی کی منازل طے کر رہی ہے، ہماری کمیونٹی کے لیے بہترین ملازمتیں فراہم کر رہی ہے، اور ایسے اختراع کو آگے بڑھا رہی ہے جس کے نتیجے میں ہماری دنیا ایک بہتر جگہ بنتی جا رہی ہے۔ میں نے لانگ آئی لینڈ سرمایہ کاری فنڈ کو اس سال کے ریاستی بجٹ میں شامل کرنے کے لیے جدوجہد کی ہے کیونکہ ہمیں اپنی کمیونٹی میں ایسی سمارٹ سرمایہ کاریوں کو جاری رکھنے کی ضرورت ہے جس پر ہماری بہت سی طاقتیں قائم ہو سکیں اور ہمارے علاقے کو نجی سرمایہ کاروں اور ملازمتیں پیدا کرنے والوں کے لیے اپنی منڈی قائم کرنے کے لیے مزید پرکشش بنایا جائے اور مقامی طور پر اپنے کام کو وسعت دی جائے۔ مجھے خوشی ہے کہ، اس فنڈ کی بدولت، ہمارے عالمی معیار کے اعلیٰ تعلیمی ادارے نئی سہولیات میں سرمایہ کاری کرنے کے قابل ہوں گے جو سائنسی دریافت کی حدود کو آگے بڑھائیں گے، اور اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ہمارا خطہ آنے والی نسلوں کے لیے مسابقتی رہے۔"

نساؤ کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Bruce Blakeman نے کہا، "مجھے گورنر Hochul کے ساتھ اس پروگرام میں شامل ہونے پر فخر ہے جس سے نساؤ کاؤنٹی اور لانگ آئیلینڈ کے پورے خطے کی معیشت کو فائدہ پہنچے گا۔ ہماری یونیورسٹیز کے ساتھ شراکت داری ایک ایسا عمل ہے جس کو فروغ اور معاونت ملتی رہنی چاہیئے اور میں گورنر کے اس عزم کے لیے مشکور ہوں۔"

سافک کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Steve Bellone نے کہا، "گورنر Kathy Hochul نے لانگ آئیلینڈ میں لائف سائنسز میں بے مثال ترقی کی اساس قائم کرنے میں اپنے نظریے اور خطے میں سرمایہ کاری کے عزم کے ساتھ مدد دی ہے۔ گورنر کے لانگ آئی لینڈ سرمایہ کاری فنڈ کی بدولت، ہماری متواتر معاشی کامیابی کے لیے ضروری

انقلابی پروجیکٹس پیش رفت پا رہے ہیں اور ہمارے تحقیقی اداروں اور یونیورسٹیز کی مدد سے چلنے والے ایک اختراعی ماحولیاتی نظام کو فروغ دے رہے ہیں۔"

لانگ آئیلینڈ یونیورسٹی کی صدر Kimberly R. Cline نے کہا، "یہ تبدیلی لانے والی سرمایہ کاری ایک سرکردہ قومی تحقیقی ادارے کے طور پر LIU کے تصور کو مسلسل فروغ دے رہی ہے اور لانگ آئیلینڈ کی تحقیقی راہداری کو استوار کرنے کے لیے گورنر Hochul کی کوششوں کی حمایت کرتی ہے۔ ریاست نیویارک کے تعاون سے، LIU کو حال ہی میں کارنیگی درجہ بندی (Carnegie Classification) کی جانب سے ایک اعلیٰ تحقیقی سرگرمی یونیورسٹی کے طور پر تسلیم کیا گیا، یہ عہدہ ملک بھر کی صرف 7 فیصد یونیورسٹیز نے حاصل کیا ہے۔ ہمارا کالج برائے سائنس اپلائیڈ ریسرچ اور انوویشن کا نیا سہولتی مرکز، سائنسی دریافتیں اور طبی انقلابات لانے کے لیے لائف سائنسز اور عالمی شراکت داریوں میں LIU کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھائے گا۔"

سٹیٹ یونیورسٹی برائے نیویارک فرمنگ ڈیل کے صدر John Nader نے کہا، "گورنر Hochul، امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کارپوریشن، LIREDC، اور سٹیٹ یونیورسٹی برائے نیویارک کا شکریہ، ان کی بدولت لانگ آئیلینڈ کے ڈیجیٹل مستقبل میں جدید سرمایہ کاری کا فرمنگ ڈیل کا دیرینہ ویژن ایک حقیقت بن جائے گا۔ یہ تعمیراتی پروجیکٹس سے کہیں بڑھ کر ہے۔ سینٹر برائے کمپیوٹر سائنس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سسٹمز آنے والے کئی سالوں تک لانگ آئیلینڈ کی اعلیٰ ٹیکنالوجی کی افرادی قوت کی ضروریات کو پورا کرے گا۔"

اسٹونی بروک یونیورسٹی کی صدر Maurie McInnis نے کہا، "ایک سربراہ ادارے کے طور پر، ہم تسلیم کرتے ہیں کہ کوانٹم انٹرنیٹ کی تعمیر ہمارے وقت کے سب سے اہم تکنیکی محاذوں میں سے ایک ہے۔ اسٹونی بروک یونیورسٹی اور بروک ہیون نیشنل لیبارٹری اس میدان میں بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ رہنما ہیں، جو اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ ریاست نیویارک اس کام کے ساتھ سرفہرست ہے، نظریے اور سائنسی مہارت کے حامل ہیں۔ ہم اس جدید و انقلابی سرمایہ کاری کے لیے گورنر Hochul اور ریاست نیویارک کے شکر گزار ہیں جو لانگ آئیلینڈ کو مستقبل میں کوانٹم نیٹ ورکنگ کا مرکز بنائے گی، بالآخر معیشت کو تحریک دے گی اور ملازمتیں تخلیق کرے گی۔"

بروک ہیون نیشنل لیبارٹری کے ڈائریکٹر Doon Gibbs نے کہا، "ایک جامع کوانٹم پر مبنی عالمی مواصلاتی نیٹ ورک کا قیام - ایک کوانٹم انٹرنیٹ - اکیسویں صدی کی سب سے اہم اور انقلابی ٹیکنالوجی پیشرفتوں میں شامل ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ریاست نیویارک کے لانگ آئیلینڈ سرمایہ کاری فنڈ کی جانب سے یہ فنڈنگ ایوارڈ بروک ہیون لیب اور اسٹونی بروک یونیورسٹی کو وہ ٹولز اور صلاحیتیں فراہم کرنے میں مدد دے گا جو محققین کو بڑے پیمانے پر کوانٹم کے پیچیدہ تقسیمی نیٹ ورکس کو حقیقت میں بدلنے کے لیے درکار ہیں۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418